## متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستان کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھرے گی، الطاف حسین

## بہت جلد ملک سے چوروں، لٹیروں، بڑے بڑے جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی حکمرانی کا سورج غروب ہوگا

## شمالی علاقہ جات کے عوام آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب بنائیں

## ایم کیوایم کی تعلیمات کی بدولت شمالی علاقہ جات سے بھی فرقہ واریت کا خاتمہ ہوگا اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایک خاندان بن جائینگے

## اسکردو میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔17، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ وقت قریب ہے جب متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستان کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھرے گی اور مجھے یقین ہے کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان انشاءاللہ گلگت اوربلتستان کو بھی ایم کیوایم کا مضبوط قلعہ بنادیں گے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کے روز اسکردو میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، توصیف خانزادہ، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، ایم کیوایم گلگت کے آرگنائزر ہدایت علی، آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان اور مقامی کارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔ ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ٹی وی اوراخبارات کے ذریعہ گلگت بلتستان اور دیگر شمالی علاقہ جات میں ایم کیوایم کی انتخابی سرگرمیوں کی خبریں اور کارکنان کا جوش وخروش دیکھ کر نہ صرف میرے حوصلے مزید بلند ہوئے ہیں بلکہ مجھے یہ یقین ہے کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان انشاءاللہ گلگت اوربلتستان کو بھی ایم کیوایم کا مضبوط قلعہ بنادیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں ہے کہ گلگت بلتستان اور دیگر شمالی علاقہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان محنت ولگن اور تحریکی کاموں میں کسی بھی طرح کراچی اور حیدرآباد کے ساتھیوں سے کم نہیں ہیں اور انکی تحریک سے وابستگی دیکھ کر میں یہ بات ببانگ دہل کہہ سکتا ہوں کہ وہ وقت قریب ہے جب پورے ملک کی طرح شمالی علاقہ جات کی اونچی اونچی سنگلاخ پہاڑیوں پر بھی ایم کیوایم کے پرچم لہرائیں گے، شمالی علاقہ جات کے پرعزم کارکنان اور ہمدرد عوام انشاءاللہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے ایک مثال بن کر ابھریں گے، ایم کیوایم کے کارکنوں کی جدوجہد کے نتیجے میں انشاءاللہ شمالی علاقہ جات سے بھی فرقہ واریت کا خاتمہ ہوگا اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کریں گے اور ایم کیوایم کی تعلیمات کی بدولت غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایک خاندان بن جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کی قربانیوں اور محنت ولگن کی بدولت انشاءاللہ متحدہ قومی موومنٹ جلد ملک کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھرے گی، ملک سے چوروں، لٹیروں، بڑے بڑے جاگیرداروں اور سرمایہ داروں کی حکمرانی کا سورج غروب ہوگا اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا سورج اپنی پوری آب وتاب سے چمکے گا۔ انہوں نے شمالی علاقہ جات کے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستی کا ثبوت دیں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کا پیغام پھیلانے کیلئے دن رات محنت کرنے پر ایم کیوایم گلگت بلتستان اور دیگر شمالی علاقہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## الطاف حسین کا فکر وفلسفہ گلگت بلتستان کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے، وسیم آفتاب

## گلگت میں پریس کانفرنس سے خطاب اور انتخابی دفتر کا افتتاح

گلگت۔۔۔17، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ گلگت بلتستان کے عوام کے دلوں کی ڈھرکن چکا ہے اور یہاں کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ ایم کیوایم نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی کو متعارف کروایا ہے اور پاکستان کے ہر ایوان میں الطاف حسین کے منتخب نمائندے غریب متوسط طبقے کے مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ جمعہ روز گلگت میں ایم کیوایم کے ایک انتخابی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے عوام کی خدمت اوران کے مسائل کا حل ہی ایم کیوایم کا خاصہ رہا ہے۔ گلگت بلتستان کے عوام نے جس طرح ایم کیوایم کو خوش آمدید کہا ہے اس کا ہم دل کی گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں یہاں کے سیاسی سماجی رہنماؤں، دانشوروں، ڈاکٹرز وکلاء، صحافی برادری، قانون دانوں، کھلاڑیوں اور دیگر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جس طرح ایم کیوایم کو خوش آمدید کہا اور جوق در جوق اس میں شامل ہوئے

ہیں اور جس طرح ایم کیوایم کی انتخابی مہم کو کامیاب بنا رہے ہیں اس پر ہم ان سب کے بے حد شکر گزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست امیدوار گلگت بلتستان میں کامیابی حاصل کر کے ایم کیوایم کے منشور کے مطابق بے روزگاری کا خاتمہ کرینگے۔یہاں اعلیٰ تعلیمی ادارے قائم کیے جائیں گے،،مذہبی منافرت کے خاتمے کے لئے بھائی چارگی کی فضا قائم کی جائے گی،مواصلات کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا سڑکوں کی ناگفتہ حالت بہتر بنایا جائے گا،صحت وصفائی کے نظام پر خصوصی توجہ دی جائے گی،پینے کے پانی اور بنیادی صحت کے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے گا،گلگت بلتستان کے لوگوں کو سینیٹ،قومی اسمبلی میں نمائندگی کو یقینی بنانے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائی جائے گی،سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا،سیاحت کے شعبے پر بھرپور توجہ دے کر یہاں کی معیشت کو مستحکم کیا جائے گا،علاقے میں پائے جانے والے قدرتی وسائل سے مکمل استعفادہ کرنے پر بھرپور توجہ دی جائے گی تاکہ علاقے کی معاشی بدحالی پر قابو پایا جاسکے،گلگت بلتستان کے سرکاری عہدوں پر مقامی لوگوں کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے گا اریہاں تعمیر ہونے والے ڈیمز کی رائیلٹی کا حق مقامی لوگوں کو دلانے کیلئے آئینی وقانونی جدہ جہد کی جائے گی،دریں اثناء عیدگاہ کانونی اسکردوون میں حق پرست امیدوار راجہ محمد ذکریا خان کے انتخابی دفتر کا بھی افتتاح کیا گیا اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران ارشد سبیل،عبدالاحد اور نثار خان کے علاوہ ایم کیوایم کے کارکنان اور عوام کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

## اسکردو میں حق پرست امیدوار راجہ ذکریا کی سربراہی میں بڑی انتخابی ریلی،الیکشن آفسوں کا افتتاح کیا

## انتخابات میں کھڑے کئے گئے تمام حق پرست امیدوار غریب،متوسط اور پڑھے لکھے افراد ہیں،عوام زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں،راجہ ذکریا

گلگت۔۔۔ 16/اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے حلقہ انتخاب اسکردو 1 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار راجہ ذکریا کی سربراہی میں گزشتہ روز ایک بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس میں اسکردو کے مقامی افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔انتخابی ریلی اسکردو کے مختلف علاقوں میں گھومتی رہی جسے دیکھ کر راہ چلتے عوام انگلیوں کی مدد سے فتح کا نشان بنا کر اظہار یکجہتی کرتے رہے۔اس دوران حق پرست امیدوار راجہ ذکریا نے اسکردو جامع مسجد چوک،محبّ چوک اور آغا ہادی چوک پر الیکشن آفسوں کا افتتاح بھی کیا اور انتخابی ریلی کے شرکاء سے مختلف مقامات پر خطاب بھی خطاب کیا۔اپنے خطاب میں راجہ ذکریا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لے رہی ہے اور اس کی جانب سے کھڑے کئے گئے تمام امیدواروں کا تعلق گلگت بلتستان کے غریب،متوسط اور پڑھے لکھے افراد سے ہے جو نچلی سطح تک عوامی مسائل نہ صرف سمجھ سکتے ہیں بلکہ ان کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھانا ہی ان کی جدوجہد کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان میں میرٹ کا نظام قائم کرے گی اور گلگت بلتستان کے عوام کو حق حکمرانی دیگی تاکہ وہ اپنی خواہشات اور امنگوں کے مطابق گلگت بلتستان کے حسن کو مزید نکھار دے سکیں اور اسے ترقی وخوشحالی سے ہمکنار کر کے اپنا حق ادا کرسکیں۔راجہ ذکریا نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی کمیٹی کے رکن ارشد سبیل،عبدالواحد اور دیگر بھی موجود تھے۔

## ابراہیم حیدری اور علی اکبر شاہ جمعہ بلوچ گوٹھ کے راشخانی بلوچ،میرانی،برمی اور بنگالی برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔17،اکتوبر2009ء

ابراہیم حیدری اور علی اکبر شاہ جمعہ بلوچ گوٹھ کے راشخانی بلوچ،میرانی،برمی اور بنگالی برادریوں کے سینکڑوں نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکرو فلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت ابراہیم حیدری میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور،ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم،جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ اور ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نمائندہ افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ ہی ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن رکھ سکتا ہے اور ملک بھر کے عوام جس طرح سے جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کر کے قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کررہے ہیں وہ ان کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے مقبول ترین رہنما ہیں اور ان کا فکر وفلسفہ سرحدوں کی قید سے بھی آزاد ہے۔اجتماع سے خطاب

کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا کہ ایم کیوایم حق پرستی کا پیغام ملک بھر میں فروغ دے رہی ہے، کشمیر کے بعد اب گلگت بلتستان کے عوام بھی ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ سے متاثر ہیں اور ان کا جوش وخروش گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی کی نوید دے رہا ہے۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا اور دلی مبارکباد پیش کی

## جناب الطاف حسین کا ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی رکن یاسمین نوین کی صاحبزادی مابیل نوین اور ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد احسان کے بھتیجے ارحم شاہد کی علالت پر اظہار تشویش

لندن ۔۔۔ 17 اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کی رکن یاسمین نوین کی صاحبزادی مابیل نوین اور ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد احسان بھائی کے بھتیجے ارحم شاہد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔ انہوں نے حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ مابیل نوین اور ارحم شاہد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکنان سے اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔ 17 اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی کے ماموں محمد ناصر اور ایم کیوایم برطانیہ ٹوٹنگ یونٹ کے کارکن ممتاز داؤد کی والدہ دولت بائی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور مرحومین کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی ریحان عباسی کے ماموں محمد ناصر اور ممتاز داؤد کی والدہ دولت بائی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے بلند درجات اور مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## اورنگی ٹاؤن کے نائب یوسی ناظم، کورنگی اور نارتھ کراچی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 17، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اورنگی ٹاؤن یوسی 10 کے حق پرست نائب ناظم اخلاق احمد کی والدہ محترمہ حسنہ بیگم، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن محمد وسیم کے بھائی محمد ارشد اور ایم کیوایم ایلڈ رونگ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن محمد حنیف کے صاحبزادے محمد عارف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## اے پی ایم ایس او کے تحت ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی کے طلباء وطالبات کیلئے ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد اتوار 18 اکتوبر کو صادقین لان گلشن اقبال میں ہوگا

کراچی ۔۔۔ 15 اکتوبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ ڈاؤ میڈیکل اور ایس ایم سی یونٹ سیکٹر ای کے تحت ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی میں داخلے کے خواہشمند طلبہ وطالبات کیلئے ماڈل پری انٹری ٹیسٹ صادقین لان گلشن اقبال نزد نیپا چورنگی میں اتوار 18، اکتوبر کو صبح دس بجے ہوگا۔ پری انٹری ٹیسٹ کا افتتاح حق پرست منتخب نمائندے کرینگے۔ ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کے رجسٹریشن فارم طلباء وطالبات میں پہلے ہی تقسیم کیے جا چکے ہیں اور طلبا وطالبات رجسٹریشن فارم اپنے مقامی کوچنگ سینٹرز کے علاوہ اسٹوڈینٹ ان، انیس

حسین کوچنگ سینٹر، پریکٹیکل سینٹر سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔واضح رہے کہ ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور ایس ایم سی کی انتظامیہ نے اتوار کیم نومبر کو پری انٹری ٹیسٹ منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆☆☆☆☆